**HEADQUARTERS**
**PAKSITAN MARITIME SECURITY AGENCY**
**PLOT NO 34-A, DOCKYARD ROAD. KARACHI**
**PO BOX NO 13333**
**PH NO 99214964-7 FAX NO 99214625**

## PUBLIC AUCTION OF BOATS

1 The open public auction of "**12 x Fishing Boats**" will be held at PMSS INDUS Plot No 34-A, Dockyard Road, Karachi on **" where is and as it is"** basis on **28 June 2024 (Friday)** at **1030** hrs.

2. Interested parties may inspect the Boats from **26 and 27 June 2024** between **1000 hrs** to **1400 hrs** at the venue of the auction.

3. Separate bid(s) is/are to be made for each Boat.

4. All the bidders must pay Rs.1,000/- per person as entry fee on the day of auction.

5 Permission for entry will be given to the person carrying original Computerized National Identity Card (CNIC) only.

6. Successful bidder(s) will have to be **paid 25%** of auctioned boat(s) value in cash on the spot. The remaining amount (i.e 75%) shall be paid within **07 x days**. In case of failure; the 25% deposited amount will be confiscated.

7. Successful bidder(s) shall be allowed to take the Boat(s) in case of full payment within 07 days.

8. Supplementary Terms and Conditions will also be announced before the commencement of the auction.

9. Successful bidder(s) will have to deposit **sales Tax and income tax** as per Govt rate of taxes implemented on said auction.

10 Director General Pakistan Maritime Security Agency (DG PMSA), i.a.w PPRA Rule 33(1) reserves the right to accept or reject all/any bid(s) or stop the auction proceeding without assigning any reason.

11. For further information/ query, please contact Ph **No 021-48502179 and 0323-2645101**.

12. Photography/Camera/Mobile/ Weapon and Fire hazard equipment are not allowed.

**Deputy Director General**
**Pakistan Maritime Security Agency**

# کشتیوں کا عظیم الشان نیلام عام

# بمقام پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی کراچی

ہیڈکوارٹر پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی

ڈاکیارڈ روڈ پلاٹ نمبری 34-A کراچی

فون نمبر: 021-48508546

0323-2645101

کشتیوں کا نیلام عام مورخہ 28 جون 2024 دن 10 30 بجے ہیڈکوارٹر پی ایم ایس اے میں ہوگا۔ بولی دہندہ گان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ نیلامی سے پہلے مندرجہ ذیل شرائط وضوابط کو اچھی طرح پڑھ لیں اور ذہن نشین کرلیں تاکہ بعد میں کوئی مشکل پیدا نہ ہو۔

**شرائط وضوابط:**

1۔ کشتیوں کا نیلام جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر ہوگا۔

2۔ ہر بولی دہندہ کو ہیڈکوارٹر پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی میں داخل ہونے کے لئے اپنا اصلی شناختی کارڈ بمعہ ایک عدد فوٹو کاپی لانا ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی کل رقم کا 25 فیصد بشکل کیش کی صورت میں فوری جمع کرانا ہوگا۔ بقایا 75 فیصد رقم 07 ایام کار میں کیش، بینک ڈرافٹ یا کراس چیک کی صورت میں جمع کرانی ہوگی بصورت دیگر 25 فیصد رقم بحق پی ایم ایس اے ضبط کرلی جائے گی۔ ***تمام گورنمنٹ ٹیکسز لاگو ہوں گے۔*** اگر کشتیوں کو مقررہ وقت تک (اور اضافی وقت اگر دیا گیا ہے) تک نہیں ہٹایا گیا تو ان کشتیوں کو بحق سرکار ضبط کرلیا جائیگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو بقایا 75 فیصد رقم نیلامی کے دن کے بعد زیادہ سے زیادہ 10 دنوں میں کشتی کو اٹھانا ہوگا بصورت دیگر سائٹ رینٹ ایک فیصد روزانہ کے حساب سے ٹوٹل بولی پر وصول کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ برتھنگ چارجز بھی شپ یارڈ کو ادا کرنے ہونگے اور پی ایم ایس اے کشتیوں کا کسی صورت ذمہ دار نہ ہوگا۔

5۔ تمام بولی دہندگان سے 1,000 آکشن فیس وصول کی جائے گی۔

6۔ کشتیوں کا نیلام فی عدد سے کیا جائیگا۔

7۔ خریدار حضرات پر لازم ہوگا کہ جو کشتی انہوں نے نیلام میں خریدی ہے اس کی شکل یعنی کیبن وغیرہ کو تبدیل کرنا ہوگا۔

8۔ خریدار حضرات پر لازم ہوگا کہ جو کشتی انہوں نے نیلام میں خریدی ہے اس کو تیار کرنے کے بعد پاکستانی قوانین کے مطابق اس کی رجسٹریشن کروانی ہوگی۔

9۔ بولی دینے والے شخص کے لئے یہ تصور کیا جائے گا کہ اس نے نیلام کردہ کشتیوں کو اچھی طرح دیکھ لیا ہے اور اس سلسلے میں کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

10۔ کشتی کو اٹھانے اور لے جانے میں جو اخراجات ہوں گے وہ بولی دہندہ کو خود برداشت کرنے ہوں گے اور اگر اس دوران پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی کی وجہ سے کوئی نقصان اٹھانا پڑا یا خریدار کو کوئی نقصان پہنچا تو ساری ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہوگی۔

11۔ اگر بولی دہندہ یہ چاہتا ہے کہ جو کشتی اس نے خریدی ہے اس کو اپنے کسی نمائندے سے اٹھوائے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اس نمائندے کو اسٹامپ پیپر پر ایک اجازت نامہ پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی (آکشن کمیٹی) کے نام جاری کرے گا۔ اگر پریزیڈینٹ آکشن کمیٹی اس کو تسلی بخش تصور کریگا تو اس کو کشتی [illegible] کسی بھی حادثے کی ذمہ داری بہرحال اصل خریدار پر ہوگی اور پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی (آکشن کمیٹی) سے کسی بھی وجہ سے کسی نقصان کے ازالے کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

12۔ پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی (آکشن کمیٹی) یہ حق محفوظ رکھتی ہے کہ کسی بھی بولی کو منظوری کے لئے مجاز اتھارٹی کو بھیج دے۔ اس سلسلے میں کوئی عذر یا درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔

13۔ کامیاب بولی دہندگان کے لئے ضروری ہے کہ اپنا نام، پتہ بمعہ فون نمبر بلکل صحیح اور مکمل لکھوائے۔ ورنہ اگر کوئی ارسال کردہ خط اس کو نہیں ملا اور واپس آگیا تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا۔

14۔ مجاز اتھارٹی پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی (آکشن کمیٹی) بغیر کوئی وجہ بتائے ایک یا ساری بولیوں کو مسترد کرنے کی مجاز ہے۔

15۔ پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی کا کوئی ملازم بالواسطہ یا بلاواسطہ نیلامی میں شرکت نہیں کرسکتا۔

16۔ اگر بینک ڈرافٹ یا کراس چیک اسٹیٹ بینک آف پاکستان کسی بھی وجہ سے واپس کردے تو خریدار پر 100,000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ قانون کے مطابق مزید کاروائی بھی کی جاسکتی ہو۔

17۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات کشتیوں کے معائنے کے لئے 26 اور 27 جون 2024 کو دفتری اوقات میں آسکتے ہیں۔

**بارہ (12) کشتیاں کراچی ہاربر میں کھڑی ہیں۔**

18۔ کسی بھی قسم کا اسلحہ، آتش گیر مواد، موبائل فون اور کیمرہ لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل
پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی